© rasailojaraid.com



خادم حسین

# اس کشورِ حسیں کی ثقافت، ادب پہ تُف

اس کشورِ حسیں کی ثقافت، ادب پہ تُف
ہر بوالہوس پہ اور ہر اک بولہب پہ تُف!
مہتابِ راشدی ہو یا ناہیدِ کشوری
جہانگیرِ عاصمہ ہو یا فریالِ گوہری
سبطِ حسن ہو، جوش ہو، اظہر سہیل ہو
فہمیدہ و فراز ہو یا گائے ، بیل ہو
خرمستیاں، شراب و کباب اور شاعری
دانشوری کے کھیل خفی ہوں کہ ظاہری
مفتی، نون میم، بڑے بے ضمیر تھے
"پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھے"
جو ان کا ساتھ دیتا ہے، بد ذات ہے..... کہو
لکھتوں میں ان کے کام کی کچھ بات ہے؟ کہو
ایمان و آگہی سے اگر ان کو کام ہو
ان کالبوں میں خیر و شرافت نہ عام ہو؟
شرم و حیا و عزت و غیرت جو مر گئی
عریانیت تو ایک اک لبرل کے گھر گئی
نظم و غزل ہے یا کہ ہے افیون، چرس، بھنگ؟
آوارگانِ کوئے ملامت ہیں شوخ و شنگ!
خادم ہماری بات بُری بھی نہ مانیو
ذوالکفل اور کفیل کو سچّا ہی جانیو

## دعاء صحت

* قائد احرار، ابن امیر شریعت حضرت سید عطاء المحسن بخاری دامت برکاتھم اور ان کی اہلیہ علیل ہیں۔

ضلع رحیم یار خان میں ہمارے مہربان اور مجلس احرار اسلام کے معاونین

* جناب پیر سید عبدالستار شاہ صاحب (بلال شریف)
* جناب جام محمد شریف صاحب (صدر مجلس احرار اسلام (ٹب چوہان)
* جناب حافظ عطاء الرحمن صاحب بن حضرت مولانا عبدالحق رحمہ اللہ (گلشن معاویہ، بستی میرک)
* جناب شیخ ریاض الدین بن حضرت شیخ حسام الدین رحمہ اللہ (لاہور) علیل ہیں۔ اراکین ادارہ سب حضرات کی صحت یابی کے لئے دعا گو ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ ان حضرات کے لئے اور دیگر تمام مریضوں کی شفاء یابی کی دعاء فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں صحت و تندرستی عطا فرمائے۔ اور شفاء کاملہ سے نوازے۔ (آمین)

© rasailojaraid.com